© rasailojaraid.com



# طلبہ کی خدمت میں چند گذارشات

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب مدظلہ
صدر: وفاق المدارس العربیہ پاکستان

[مورخہ: ۱۳/ربیع الثانی ۱۴۳۶ھ/۳/فروری ۲۰۱۵ء بروز منگل حضرت صدر وفاق مدظلہ نے جامعہ خیر المدارس ملتان میں دورہ حدیث کے طلبہ سے خطاب فرمایا اور اجازتِ حدیث مرحمت فرمائی، حضرت کا یہ خطاب، جسے محمد صدیق الوری صاحب نے جمع فرمایا، قارئین وفاق کی خدمت میں پیش ہے...............................ادارہ]

آج اس اجتماع کا اہتمام مولانا قاری محمد حنیف جالندھری کے صاحبزادہ کی درخواست اور خواہش پر کیا گیا ہے۔ قاری صاحب کے ساتھ میرا واسطہ اور تعلق ایک طویل مدت سے قائم ہے (قاری صاحب نے اپنے خطاب میں اس تعلق کی مدت تقریباً 36 سال بتلائی ہے) اور اس مدت کے اندر انہوں نے مجھے راحت پہنچانے کی اور میری مشکلات کو حل کرنے کی پوری پوری کامیاب کوشش کی ہے۔ اس کا تقاضا یہ تھا کہ میں ان کی خواہش کو رد نہ کر پایا اور آپ کی خدمت میں حاضر ہو گیا۔

آپ سے مجھے ایک بات عرض کرنی ہے، وہ یہ کہ میں نے ''بخاری شریف'' مکمل اور ''ترمذی شریف'' جلد اول شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی نور اللہ مرقدہ سے پڑھی اور ان کے ساتھ مجھے تلمذ کی نسبت حاصل ہوئی ہے اور اس نسبت کے بظاہر عنداللہ مقبول ہونے کی ایک علامت یہ مجھے نظر آرہی ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ''بخاری شریف'' کی خدمت کے لیے ''کشف الباری'' لکھنے کی توفیق عطا فرمائی۔

دوسری بات یہ کہ ایک دفعہ خواب میں حضرت ہمارے پاس تشریف لائے اور تشریف لانے کے بعد مجھ سے کہا کہ آج بخاری میں پڑھاؤں گا۔ چنانچہ ہم دار الحدیث پہنچے، سبق ابھی شروع نہیں ہوا تھا، حضرت نے فرمایا کس کو پڑھاؤں؟ میں نے عرض کیا حضرت ابھی وقت نہیں ہوا۔ جب وقت ہو جائے گا تو ان شاء اللہ طلباء آجائیں گے۔ جب



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

وقت ہوگیا تو طلباء آگئے تو ہم سب نے دیکھا کہ ہم بہت خوش ہیں۔حضرت بھی بہت خوش ہوئے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ شرف اور یہ عزت مجھ تک حضرت کی نسبت سے قائم ہوئی۔آج آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔میں آپ کو روایت حدیث کی اسی طرح اجازت دوں گا جس طرح میرے استاد محترم نے مجھے عطاء کی۔وہ طلباء جو دورۂ حدیث میں ہیں یا وہ علماء جو دورۂ حدیث پڑھ چکے ہیں ان سب کو میری طرف سے روایت حدیث کی اجازت ہے۔

لیکن ایک بات عرض کرنی ہے وہ یہ کہ آج کل جیسا کہ آپ دیکھ رہے ہیں نئے نئے فتنے "تجدد" کے نام سے وجود میں آگئے ہیں۔ہماری یہ اجازت صرف ان لوگوں تک محدود ہے جو "علماء دیوبند" کے مسلک، مشرب اور طریقہ کار پر قائم ہیں اور اس کی حفاظت کر رہے ہیں۔

دوسری ایک بات مجھے آپ سے یہ کرنی ہے کہ آپ لوگ (دائیں طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا) یا آپ لوگ (بائیں طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا) یا وہ ہوں (پیچھے والوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا) یا یہ ہوں (درمیان والوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا).........کوئی اپنے آپ کو حقیر نہ سمجھے۔یہ اللہ کا بہت بڑا احسان ہے۔اللہ تبارک وتعالیٰ کا بہت بڑا انعام ہے کہ اللہ بزرگ وبرتر نے آپ کو علومِ نبوت حاصل کرنے کی توفیق عطاء فرمائی۔یہ معمولی احسان نہیں ہے، یہ معمولی انعام نہیں ہے۔آپ اس کی جتنی قدر کریں گے، اللہ تبارک وتعالیٰ آپ کو اتنی ترقی عطاء فرمائیں گے اور اگر آپ نے اس کی ناقدری کی تو نقصان ہونے کا اندیشہ ہے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین

☆......☆......☆

## وفاق المدارس العربیہ پاکستان کی مجلس عاملہ ومجلس شوریٰ کے اہم اجلاس

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم العالیہ،صدر وفاق نے وفاق المدارس العربیہ کی مجلس عاملہ وشوریٰ کے اہم اجلاس طلب کر لیے ہیں۔جن میں دیگر اہم امور کے ساتھ ساتھ موجودہ ملکی صورت حال کے تناظر میں مدارس کے تحفظ و بقاء کے لائحہ عمل پر غور ہوگا۔مجلس عاملہ کا اجلاس مورخہ 21 ربیع الثانی 1436ھ مطابق 11 فروری 2015ء بروز بدھ صبح دس بجے اور مجلس شوریٰ کا اجلاس 22 ربیع الثانی 1436ھ مطابق 12 فروری 2015ء بروز جمعرات صبح 10 بجے جامعہ دار العلوم کراچی میں منعقد ہوگا۔انشاء اللہ


© rasailojaraid.com